ساتواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کئے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 8 مارچ 2019

## فہرست نشان زدہ سوالات اور جوابات

## بابت

# محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

## لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی سے متعلقہ تفصیلات

*782: محترمہ شعوانہ بشیر: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی حدود کہاں تک ہیں؟

(ب) کمپنی کے پاس صفائی کے لئے کل کتنے ملازمین اور کتنی گاڑیاں ہیں تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) گارڈن ٹاؤن "یو" بلاک (نزد پاسپورٹ آفس) بھٹہ چوک سے ائیر پورٹ روڈ تک ہسپتالوں کے باہر صفائی کی حالت انتہائی ناقص ہے کیا اسکی بہتری کے لئے کوئی انتظام کئے جا رہے ہیں؟

(تاریخ وصولی 7 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 6 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی services کا دائرہ کار لاہور ڈسٹرکٹ تک محدود ہے جس میں معاہدہ کے مطابق کنٹونمنٹ اور ریلوے کے علاقے شامل نہ ہیں۔

(ب)لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے ملازمین کی کل تعداد 15306 ہے جس میں corporate staff بھی شامل ہے۔لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور اس کے کنٹریکٹرز کی گاڑیوں اور مشینری کی تفصیلات تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں جو urban اور rural علاقوں میں صفائی پر مامور ہیں۔

(ج) بھٹہ چوک سے ائیر پورٹ تک کا علاقہ کنٹونمنٹ کی حدود میں آتا ہے۔ جبکہ گارڈن ٹاؤن "یو" بلاک، یونین کونسل 208 میں 63 سینٹری ورکرز روزانہ کی بنیاد پر صفائی کے فرائض سرانجام دیتے ہیں۔ اس علاقے کی بہتر صفائی کے لیے تمام متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اس کی حدود میں آنے والے تمام علاقوں کی صفائی سے متعلق بہتری کے لیے دن رات کوشاں ہے اسی اثناء میں ایل ڈبلیو ایم سی کو عوام کے تعاون کی معاونت چاہیے۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)</u>

کوٹ ادو: میونسپل کمیٹی میں ملازمین کی تعداد اور فوت شدگان ملازمین کے لواحقین کی مالی امداد سے متعلقہ تفصیلات

*809: ملک غلام قاسم ہنجرا: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) میونسپل کمیٹی کوٹ ادو میں کتنے ملازمین کام کر رہے ہیں ان کی تنخواہوں کا حجم کتنا ہے؟

(ب)میونسپل کمیٹی ہذامیں فنڈز کی کمی کی وجہ سے کتنے ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن گریجوٹی اور فوت ہونے والے ملازمین کی مالی امداد کے کیسز زیر التواء ہیں نیز ان کو ادائیگیوں کے لئے کس قدر رقم درکار ہے؟

(ج) کیا حکومت فنانس ایوارڈ کے تحت میونسپل کمیٹی کوٹ ادو کو ماہانہ فنڈز اس قدر فراہم کرنے کا ارادہ رکھتی ہے کہ اس کے جملہ ملازمین کی تنخواہیں اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن کی بروقت ماہانہ ادائیگی ہو سکے کیا ان تمام مسائل کو حکومت حل کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 12 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میونسپل کمیٹی کوٹ ادو میں منظور شدہ اسامی کی کل تعداد 500 ہے۔ جن کے محاذ اس وقت 446 آفیسران / اہلکاران تعینات ہیں جبکہ 54 اسامیاں خالی ہیں۔ اس وقت کام کرنیوالے کل 446 آفیسران / اہلکاران اسامیوں کی تنخواہوں کا سالانہ تخمینہ مبلغ 199160000 (انیس کروڑ اکیانوے لاکھ ساٹھ ہزار روپے) بنتا ہے۔ جس میں سے مبلغ 136140000 (تیرہ کروڑ اکسٹھ لاکھ چالیس ہزار روپے) تنخواہ کیلئے اور مبلغ 63020000 (چھ کروڑ تیس لاکھ بیس ہزار روپے) پنشن کنٹری بیوشن کیلئے درکار ہوتے ہیں۔

(ب)میونسپل کمیٹی کوٹ ادو میں فنڈز کی کمی کی وجہ سے تقریباً194 ریٹائرڈ ملازمین کی ماہانہ پنشن بابت عرصہ 8ماہ اور تقریباً58 ملازمین کی گریجویٹی اور دوران ملازمت فوت ہونے کی صورت میں مالی امداد کی ادائیگی زیر التواء ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے۔

i۔ماہانہ پنشن ریٹائرڈ ملازمین برائے عرصہ 8ماہ۔ 18788440/ روپے(ایک کروڑ ستاسی لاکھ اٹھاسی ہزار چار سو چالیس روپے)

ii۔ریٹائرڈ و فوت شد ملازمین کی گریجویٹی / کمیوٹیشن / مالی اعانت

44691108/۔ روپے(چار کروڑ چھیالیس لاکھ اکیانوے ہزار ایک سو آٹھ روپے) کل میزان۔ 63479548/ روپے(چھ کروڑ چونتیس لاکھ اناسی ہزار پانچ سو اڑتالیس روپے)

(ج)اس جُز کا جواب گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ڈیپارٹمنٹ سے متعلقہ ہے کیونکہ فنا نس ایوارڈ کا اختیار صرف فنانس ڈیپارٹمنٹ کے پاس ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25فروری 2019)

لاہور کے 9ٹاؤنز کے ترقیاتی منصوبہ جات سے متعلقہ تفصیلات

*835: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع لاہور کے 9ٹاؤنز میں سال 18-2017 کے دوران کون کون سی ترقیاتی سکیمیں منظور ہوئیں؟

(ب)ان ترقیاتی سکیموں کے لئے کتنی رقم رکھی گئی تھی، کتنی رقم بقایابچی اور باقی رہ جانے والی رقم کہاں کہاں پر خرچ کی گئی ہے۔اس کی مکمل تفصیل سے آگاہ کیاجائے؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی جانب سے سال 18-2017 میں لاہور کے 9 زونز کے لئے پی سی سی ورک، کارپٹ ورک اور سٹریٹ لائٹ ورک کی 503 نمبر سکیمیں لگائی گئی تھیں۔ تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)سال 18-2017 میں میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کی جانب سے مختص کردہ کل رقم مبلغ/-1085.185 ملین (ایک ارب آٹھ کروڑاکاون لاکھ پچاسی ہزار روپے) تھی جس میں سے مبلغ۔/846.711 ملین (چوراسی کروڑ سڑسٹھ لاکھ گیارہ ہزار روپے) کی ادائیگی کی جاچکی ہے۔باقی رقم مبلغ۔/238.474 ملین (تیئس کروڑ چوراسی لاکھ چوہتر ہزار روپے) مالی سال 18-2017 کے جاری منصوبہ جات کی ادائیگی کے لئے مختص کی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

لاہور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے بجٹ سے متعلقہ تفصیلات

*836: محترمہ حناء پرویز بٹ: کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)لاہور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا2017-18 تک سالانہ کتنا بجٹ مختص کیا گیا؟
(ب)لاہور سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کو اس وقت کون کون سی کمپنیاں چلا رہی ہیں ان کی تمام تفصیلات مع ایم ڈی اور دوسرے افسران سمیت فراہم کی جائیں؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا 2017۔18 تک سالانہ بجٹ کی تفصیلات تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہیں۔

(ب)لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا ذیلی ادارہ ہے اور لاہور کے سالڈ ویسٹ کو چلانے (Manage) کرنے کے لیے دو کمپنیاں میسرز البیراک اور میسرز اوزپاک ایل ڈبلیو ایم سی کے زیر نگرانی کام کر رہی ہیں۔لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں (corporate staff) افسران کی تفصیلات تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

جھنگ شہر کے سیوریج نظام کی بہتری سے متعلقہ تفصیلات

*845: جناب محمد معاویہ: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ جھنگ شہر کا سیوریج کا نظام انتہائی خراب ہو چکا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ جھنگ شہر کے علاقے مرضی پورہ، ملت کالونی، کچا پکا ریلوے روڈ کے سیوریج کی صفائی عرصہ 10 سال سے نہیں ہوئی ہے؟

(ج) اگر جواب اثبات میں ہے تو حکومت جھنگ شہر کے سیوریج کے نظام کو بہتر کرنے اور جن علاقوں میں عرصہ 10 سال سے سیوریج کی صفائی نہ ہوئی ہے وہاں کب تک صفائی کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) درست نہ ہے۔

(ب) درست نہ ہے۔ ملت کالونی، مرضی پورہ غربی میں سیور لائن ڈالی ہوئی ہیں۔ جو کہ چالو حالت میں ہیں کچا ریلوے روڈ اور پکا ریلوے روڈ کا سیوریج زیر تعمیر ہے جبکہ گندے پانی کا نکاس بذریعہ نالہ جات ہو رہا ہے۔ اور جن کی صفائی وغیرہ بھی ہوتی رہتی ہے۔ متعدد بار صفائی ہو چکی ہے۔ وقتاً فوقتاً پانی اوور فلو ہو جاتا ہے جس کو روٹین کے مطابق ہنگامی بنیادوں پر بذریعہ ڈی واٹرنگ سیٹ / سکر مشین موقع پر سیور لائن کو چالو کر دیا جاتا ہے۔ یہ بات بھی درست نہ ہے کہ عرصہ دس سال سے صفائی نہ ہوئی ہے۔

(ج) درست نہ ہے۔ تفصیلی جواب "ب" میں تحریر کر دیا گیا ہے۔ تاہم NESPAK نے پورے شہر کا Improvement of Sewerage Rehabilitation/ System کا ماسٹر پلان بنایا ہوا ہے۔ جس کا سروے ہو چکا ہے۔ NESPAK نے یہ تمام

کام بذریعہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جھنگ کی مشاورت سے مکمل کروانا ہے۔سال 19-2018 ADP نمبر 3335 میں فیز-I کی منظوری درج ہے۔بقول محکمہ پبلک ہیلتھ جھنگ 980.73 ملین کا اسٹیمیٹ تیار کیا جاچکا ہے۔جس کی 700 ملین کی ایلوکیشن ہو چکی ہے جو کہ انڈر پروسس ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

گوجرانوالہ میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کی صورت حال سے متعلقہ تفصیلات

*853: چودھری اشرف علی: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ گوجرانوالہ میں 60 واٹر فلٹریشن پلانٹس ناکارہ ہونے کی وجہ سے شہری آلودہ پانی پینے پر مجبور ہیں؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ انتظامیہ کی لاپرواہی سے ٹوٹیاں غائب اور عدم صفائی کے سبب سرکاری واٹر سپلائی کی ٹینکیاں حشرات کی آماجگاہ بن گئی ہیں؟

(ج) کیا یہ بھی درست ہے کہ بھاری اخراجات سے لگائے گئے دس پلانٹس تاحال فعال ہی نہ ہو سکے ہیں؟

(د) اگر جزو ہائے بالا کا جواب اثبات میں ہے تو محکمہ اس ضمن میں کیا اقدامات اٹھا رہا ہے تفصیلات سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 12 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 8 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) گوجرانوالہ میونسپل کارپوریشن کی حدود میں 30 واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب ہیں جن کے واٹر فلٹرز (کارٹیج) مسلسل تبدیل کئے جارہے ہیں۔

(ب) گوجرانوالہ میونسپل کارپوریشن کی حدود میں 30 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی ٹوٹیاں ویلڈ ہیں اگر کوئی ٹوٹی خراب یا چوری ہو جائے تو فوری نئی ٹوٹی لگا دی جاتی ہے۔ سرکاری واٹر سپلائی میونسپل کارپوریشن کے زیر نگرانی نہ ہے بلکہ اسکا انتظام واہتمام واسا کے پاس ہے۔

(ج) ورلڈ بنک کی وساطت سے 9 ریورس آف سموسس فلٹریشن پلانٹس نصب کیے گئے ہیں اور چالو حالت میں ہیں اور لوگوں کو صاف پانی فراہم کر رہے ہیں۔

(د) مثبت نہ ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

ساہیوال: پی پی 196 میں چالو حالت اور بند فلٹریشن پلانٹ سے متعلقہ تفصیلات

*916: جناب خضر حیات: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ساہیوال پی پی 196 میں کتنے فلٹریشن پلانٹ لگائے گئے ہیں؟

(ب) ان سے کتنے فلٹریشن پلانٹ Operational ہیں اور کتنے بند پڑے ہیں؟

(ج) ان فلٹریشن پلانٹ کی دیکھ بھال اور بل کس محکمہ کے ذمہ ہیں؟

(تاریخ وصولی 20 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 6 فروری 2019)

## جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ساہیوال PP-196 میں محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ساہیوال نے موضع نور شاہ میں 1 فلٹریشن پلانٹ لگایا ہے۔ جبکہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئر نے PP-196 میں کل 13 فلٹریشن پلانٹ لگائے ہیں جن کی تفصیل تتمہ 'الف' ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے تاہم ان کی مزید تفصیل محکمہ Houseing Urban Development & Public Health Engineering Department سے لی جاسکتی ہے۔

(ب) محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ساہیوال نے جو ایک پلانٹ لگایا ہے وہ اس وقت Operational حالت میں ہے اور یہ پلانٹ مالی سال 2014-15 میں لگایا گیا تھا۔

(ج) اس فلٹریشن پلانٹ کی دیکھ بھال اور بل بجلی کی ذمہ داری متعلقہ یونین کونسل کے ذمہ ہے اور یونین کونسل ہی اس کی دیکھ بھال اور بل بجلی کی ادائیگی کر رہی ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

صوبہ میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پراجیکٹ کو شہر وائز مختص کردہ فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

*918: محترمہ مومنہ وحید: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ از راہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) صوبہ میں سابق دور حکومت میں کئی شہروں میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا۔ ان پراجیکٹ پر ہر شہر کے مطابق سال وائز فنڈز مختص کرنے کی تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ب)سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پراجیکٹ کا کن ممالک سے کن قواعد وضوابط اور شرائط پر معاہدہ ہوا، مکمل تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پراجیکٹ میں اربوں روپے کے گھپلے اور گھوسٹ ملازمین کی تنخواہیں وصول کرنے میں کئی سیاستدان اور سرکاری افسران ملوث پائے گئے؟

(د) اگر جواب اثبات میں ہے تو اس سلسلہ میں کتنے افراد پر مقدمہ درج کیا گیا ہے، کتنے لوگ گرفتار ہوئے ہیں اور ذمہ داران سے ریکوری کے حوالے سے کیا معاملات چل رہے ہیں، مکمل تفصیلات سے آگاہ فرمایا جائے؟

(تاریخ وصولی 20 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 6 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) سابق دورِ حکومت نے سات شہروں ں میں صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لئے ویسٹ مینجمنٹ کمپنیز قائم کی گئیں جن میں لاہور، گجرانوالہ، سیالکوٹ، راولپنڈی، فیصل آباد، ملتان اور بہاولپور شامل ہیں۔ سال وائز ہر کمپنی کے فنڈز کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) لاہور اور راولپنڈی میں سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے لئے ترک کمپنیوں سے معاہدہ ہوا ہے۔ لاہور شہر میں معاہدہ مارچ 2012 میں ہوا تھا جو کہ اکتوبر 2019 میں ختم ہو گا۔

راولپنڈی میں ترک کمپنی البیراک سے معاہدہ اپریل 2014 میں ہوا تھا اور یہ معاہدہ مئی 2021 میں مکمل ہو گا۔ تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج) یہ درست نہ ہے کہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ میں اربوں روپے کے گھپلے ہوئے ہیں اور یہ بھی درست نہ ہے کہ گھوسٹ ملازمین کی تنخواہیں وصول کرنے میں کئی سیاستدان اور سرکاری افسران ملوث پائے گئے۔ صرف گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں پروکیورمنٹ پراسیس میں بے ضابطگیوں کی بناء پر اینٹی کرپشن میں درج ذیل افراد پر مقدمہ درج ہے۔

(د) گوجرانوالہ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی میں پروکیورمنٹ پراسیس میں بے ضابطگیوں کی بناء پر اینٹی کرپشن میں درج ذیل افراد پر مقدمہ نمبر 18 / 11 مورخہ 2018-02-13 تھانہ اینٹی کرپشن ضلع گوجرانوالہ میں ہو چکا ہے اور زیر تفتیش ہے۔

۱۔ ڈاکٹر عطا الحق (سابقہ مینجنگ ڈائریکٹر)

۲۔ محمد کلیم سندھو (سابقہ مینجر پروکیورمنٹ)

۳۔ مراد خاں رانا (سابقہ سینئر مینجر اپریشن)

۴۔ قابہ قوصیین (مینجر ورکشاپ)

۵۔ مہران افضل (سابقہ چیف فنانس آفیسر و مینجنگ ڈائریکٹر)

۶۔ قاسم اکبر (سابقہ چیف فنانس آفیسر و مینجنگ ڈائریکٹر)۔

۷۔ رضوان خان (سابقہ پرچیز آفیسر)(Purchase Officer)

۸۔ عزیر ارصم (سابقہ اسٹنٹ مینجر ورکشاپ)۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

لاہور میں کچرا اٹھانے سے متعلقہ تفصیلات

*971: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) شہر لاہور میں کچرا اٹھانے کا کیا طریق کار ہے؟

(ب) کیا اس کا ٹھیکہ پرائیویٹ Company کو پچھلے ادوار میں دیا گیا تھا اگر ہاں تو ان پر حکومت کا کتنا خرچہ آیا؟

(ج) municipal corporation کے کتنے ملازمین کچرا اٹھانے پر مامور ہیں کیا حکومت کچرا ٹیکس لگانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

(تاریخ وصولی 20 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 13 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) پرائمری کولیکشن:

لاہور میں موجود 274 یونین کونسلوں میں تقریباً 9000 سینٹری ورکر تعینات کئے گئے جو کے روزانہ کی بنیاد پر assign کیے ہوئے علاقوں میں صفائی کا کام کرتے ہیں۔ سینٹری ورکرز دو طریقے سے کوڑا اکٹھا کرتے ہیں۔ پہلا طریقہ: جھاڑو کے ساتھ مینول سویپنگ کرنا ہے اور کوڑا کرکٹ نزدیکی کنٹینر میں ڈالنا ہے۔ دوسرا طریقہ: گھروں سے کوڑا کرکٹ

ہتھ ریڑی اور pickup کی مدد سے اکٹھا کرنا ہے اور متعلقہ کنٹینر میں ڈالنا ہے کوڑے کی پرائمری سٹوریج کے لیے لاہور میں تقریباً 9000 کنٹینر رکھے گئے ہیں۔

سیکنڈری کولیکشن:

کنٹینر کو خالی کرنے کے لیے compactor اور آرم رولز گاڑیاں مہیا کی گئی ہیں جو کہ کوڑے کو اکھٹا کر کے ٹرانسفر سٹیشن یا لینڈ فل سائیٹ تک لے جاتی ہیں اس مقصد کیے لیے تقریباً 321 گاڑیاں مہیا کی گئی ہیں جو کہ لاہور میں موجود dump site پر dump کیا جاتا ہے

(ب) مارچ 2012 سے جون 2018 تک انٹرنیشنل کنٹریکٹر کو کی گئی ادائیگیوں کی معلومات درج ذیل ہیں:۔

البیراک: 13,679.26 ملین روپے

اوزپاک: 16,226.65 ملین روپے

ٹوٹل رقم: 29,905.91 ملین روپے

(ج) 15306 ملازمین کچرا اٹھانے اور اٹھوانے میں مامور ہیں۔ بذریعہ میٹروپولیٹن کارپوریشن نوٹیفیکشن کی کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے) لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی دکانداروں سے 50 اور 100 روپے SANITATION FEE کی مد میں ٹیکس MCL کے اکاؤنٹ میں جمع کراتی ہے۔ جب کہ رہائشی علاقوں سے SANITATION FEE,Tax پانی کے بل میں چارج کیا جاتا ہے جو MCL خود وصول کرتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

لاہور میں صفائی کے بارے میں بلدیہ کے اٹھائے گئے اقدامات سے متعلقہ تفصیلات

*981: محترمہ عظمیٰ کاردار: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

کیا یہ درست ہے کہ لاہور میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیروں کو آگ لگائی جاتی ہے تو میٹروپولٹین کارپوریشن لاہور نے اس کی روک تھام کے لیے کیا لائحہ عمل اختیار کیا ہے؟

(تاریخ وصولی 20 دسمبر 2018 تاریخ ترسیل 13 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

لاہور میں گلی محلوں میں سے کوڑا کرکٹ کو اکٹھا کرنے کے لیے تقریباً 9000 سینٹری ورکرز تعینات کیے گئے ہیں جو کہ کوڑے کو اکٹھا کر کے نزدیکی کنٹینرز میں ڈال دیتے ہیں ۔ بعض اوقات سگریٹ نوشی کرنے والے لوگ سگریٹ پینے کے بعد سگریٹ کو کوڑادان میں پھینک دیتے ہیں جس سے کوڑے کو آگ لگ جاتی ہے جس پر علاقے میں موجود ہمارے سینٹری ورکرز قابو پا لیتے ہیں تاہم کچھ علاقوں میں (نیم دیہاتی علاقے) لوگ کوڑا کرکٹ کے ڈھیر کو آگ لگا دیتے ہیں جس کی روک تھام کے لیے ماحولیاتی ادارہ لائحہ عمل اختیار کرتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

---

لاہور: ڈبن پورہ ملتان روڈ کے مین بازار کی سڑک کو پختہ کرنے سے متعلقہ تفصیلات

*1086: جناب محمد طاہر پرویز: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:۔

(الف) کیا حلقہ پی پی 161 کھاڑک ملتان روڈ لاہور سے ملحقہ آبادی ڈبن پورہ کراچی والی پلی کے مین بازار کی سڑک کو پختہ کر دیا گیا ہے؟

(ب) کیا یہ درست ہے کہ کراچی والی پلی مین بازار سے ملحقہ گلی نمبر 4 حاجی سٹریٹ کو پختہ نہیں کیا گیا جبکہ گلی نمبر 1، 2، 3 اور گلی نمبر 5 کو پختہ کر دیا گیا ہے؟

(ج) کیا حکومت / محکمہ گلی نمبر 4 حاجی سٹریٹ جس کی لمبائی 500 فٹ ہے کو پختہ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، نہیں تو وجوہات بیان فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 5 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 15 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں گلی مذکورہ تعمیر ہو چکی ہے۔

(ب) درست ہے کہ گلی نمبر 1,2,3 اور 5 تعمیر ہو چکی ہے جبکہ گلی نمبر 4 تعمیر نہ ہو سکی ہے۔

(ج) گلی نمبر 4 کی تعمیر کے لئے تخمینہ مالیتی۔/15,90,000 روپے مرتب شدہ ہے اور گلی کی تعمیر فنڈز کی دستیابی سے مشروط ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

سرگودھا: سال 18-2017 کے دوران سڑکوں کی مرمت سے متعلقہ تفصیلات

*1117: چودھری افتخار حسین: کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) ضلع سرگودھا میں مالی سال 18-2017 کے دوران کتنی سڑکوں کو کتنے کتنے فنڈز سے مرمت کیا گیا؟

(ب) حلقہ پی پی 81 میں سال 19-2018 میں کتنی رقم سے کون کون سی سڑک کی مرمت کی جا رہی ہے؟

(ج) کیا حکومت حلقہ پی پی 81 کی مرمت طلب سڑکوں کو جلد از جلد مرمت کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 15 جنوری 2019 تاریخ ترسیل 18 فروری 2019)

جواب

وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) ضلع کونسل سرگودھا نے مالی سال 18۔2017 کی اے ڈی پی میں کل 32 سڑکوں کی مرمت پر مبلغ 8 کروڑ 67 لاکھ 11 ہزار روپے خرچ کئے جبکہ اسسٹنٹ انجینئر، لوکل گورنمنٹ، ضلع سرگودھا نے مالی سال 18۔2017 کے دوران 29 سڑکوں کی مرمت و بحالی پر تیرہ کروڑ اٹھانوے لاکھ اڑسٹھ ہزار روپے خرچ کیے۔ (تفصیل تتمہ "الف و ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) ضلع کونسل سرگودھا کی اے ڈی پی برائے مالی سال 2019-2018 ابھی تک رکی ہوئی ہے جبکہ حلقہ پی پی۔81 میں مالی سال 19۔2018 میں ابھی تک لوکل گورنمنٹ کے زیر نگرانی کوئی بھی سڑک مرمت نہیں کی جا رہی۔

(ج) مالی سال 2019-2018 میں ضلع کونسل سرگودھا کی اے ڈی پی میں اس حلقہ کی کل چھ سڑکات منظور ہوئی تھیں جن کی کل لاگت مبلغ 73 لاکھ روپے ہے۔ تاحال اے ڈی پی پر کام

نہیں ہو رہا۔ جونہی اے ڈی پی پر کام شروع ہو گا تو یہ کام بھی کروا دیے جائیں گے۔(تفصیل تتمہ "ج" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔)

(تاریخ وصولی جواب 7مارچ2019)

لاہور | محمد خان بھٹی

مورخہ 7مارچ2019 | سیکرٹری

## بروز جمعتہ المبارک مورخہ 8مارچ2019 کو محکمہ لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ کے سوالات وجوابات کی فہرست اور نام اراکین اسمبلی

| نمبر شمار | نام رکن اسمبلی | سوالات نمبر |
|---|---|---|
| 1 | محترمہ شعوانہ بشیر | 782 |
| 2 | ملک غلام قاسم ہنجرا | 809 |
| 3 | محترمہ حناء پرویز بٹ | 835۔836 |
| 4 | جناب محمد معاویہ | 845 |
| 5 | چودھری اشرف علی | 853 |
| 6 | جناب خضر حیات | 916 |
| 7 | محترمہ مومنہ وحید | 918 |
| 8 | محترمہ عظمیٰ کاردار | 971۔981 |
| 9 | جناب محمد طاہر پرویز | 1086 |
| 10 | چودھری افتخار حسین | 1117 |

ساتواں اجلاس

خفیہ

ایوان میں پیش کیے جانے سے قبل اشاعت کی اجازت نہیں ہے

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## بروز جمعتہ المبارک 8مارچ 2019

## فہرست غیر نشان زدہ سوالات وجوابات

## بابت

## محکمہ لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

## ٹوبہ ٹیک سنگھ حلقہ پی پی120 کے چکوک میں نالیاں / سولنگ کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیلات

**153: جناب محمد ایوب خان:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)حلقہ پی پی120 ٹوبہ ٹیک سنگھ کے کتنے چکوک میں سولنگ اور نالیاں موجود ہیں ان کے کام کی تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ب)مذکورہ حلقہ کے جن چکوک میں سولنگ / نالیاں موجود ہیں لیکن حالت خراب ہو چکی ہیں ان چکوک کے ناموں کی تفصیل سے آگاہ کیا جائے؟

(ج)مذکورہ حلقہ کے جن چکوک میں سولنگ / نالیاں موجود نہ ہیں کیا حکومت وہاں پر سولنگ، نالیاں بنانے اور جن چکوک میں سولنگ اور نالیوں کی حالت خراب ہو چکی ہے ان کی مرمت کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک؟

(تاریخ وصولی 5 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 14 نومبر 2018)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)حلقہ پی پی120 کے 81 چکوک میں سولنگ و نالیوں کا کام موجود ہے جن کی تفصیل تتمہ "الف" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب)حلقہ پی پی 120 کے 74 چکوک میں سولنگ اور نالیوں کا کام قابل مرمت ہے جن کی تفصیل تتمہ "ب" ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ج)سالانہ ترقیاتی پروگرام ڈسٹرکٹ کونسل ٹوبہ ٹیک سنگھ ابھی فائنل نہ ہوا ہے۔اس کا فیصلہ ڈسٹرکٹ کونسل کے منتخب ممبران نے کرنا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

## فیصل آباد: پی پی104 میں سڑکوں کی تعمیر و مرمت سے متعلقہ تفصیلات

**238: جناب محمد صفدر شاکر:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

پی پی104 ضلع فیصل آباد کی مندرجہ ذیل سڑکوں کی مرمت کا کوئی پروگرام ہے۔

نمبر(1) چک نمبر 201 گ ب سے چک نمبر 206 گ ب۔

نمبر(2) چک نمبر 204 گ ب سے چک نمبر 205 گ ب۔

نمبر(3) اڈہ کھدروالا سے چک نمبر 207 گ ب۔

نمبر(4) چک نمبر 499 گ ب سے دربار دھولری شریف۔

نمبر(5) اڈہ کلیانوالہ سے قاسم چوک۔

نمبر(6) اڈہ مریدوالا سے چک نمبر 193 گ ب۔

نمبر(7) مریدوالا روڈ سے چک نمبر 195 گ ب۔

نمبر(8) مریدوالا روڈ سے چک نمبر 196 گ ب۔

ان کے بارے میں مکمل تفصیلات فراہم کریں؟

(تاریخ وصولی 23 اکتوبر 2018 تاریخ ترسیل 5 نومبر 2018)

## جواب

## وزیر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ

چیف آفیسر، ڈسٹرکٹ کونسل، فیصل آباد سے موصولہ رپورٹ کے مطابق:۔

سالانہ ترقیاتی پروگرام 19-2018 ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد کی ضروریات اور متعلقہ یونین کونسلوں کے چیئرمین صاحبان کی سفارشات پر عمل درآمد کرتے ہوئے مرتب کیا گیا درج بالا سڑکات کی سکیمز 19-2018 ADP میں شامل نہ ہیں ان سڑکات کی مرمت کا تخمینہ درج ذیل ہے۔

| نمبر شمار | نام سڑک | لمبائی | تخمینہ لاگت |
|---|---|---|---|
| 1 | مرمت سڑک چک نمبر 201 گ ب تا 206 گ ب یوسی 108 | 2.50 کلومیٹر | 59,89,000 /- |
| 2 | مرمت سڑک چک نمبر 204 گ ب تا 205 گ ب یوسی 108 | 6 کلومیٹر | 1,07,34,000 /- |
| 3 | مرمت سڑک اڈا کھدروالا تا 207 گ ب یوسی 108 | 8 کلومیٹر | 1,04,08,000 /- |
| 4 | مرمت سڑک چک نمبر 499 گ ب تا دربار دھولری شریف یوسی 100 | 10 کلومیٹر | 1,50,00,000 /- |
| 5 | مرمت سڑک اڈا کلیانوالہ تا قاسم چوک | 2.6 کلومیٹر | 39,10,000 /- |
| 6 | مرمت سڑک اڈا مریدوالا تا چک نمبر 193 گ ب یوسی 105 | 5.60 کلومیٹر | 57,43,000 /- |
| 7 | مرمت سڑک از مریدوالا روڈ تا چک نمبر 195 گ ب 193 گ ب | 2 کلومیٹر | 1,65,92,000 /- |
| 8 | مرمت سڑک از مریدوالا روڈ تا چک نمبر 196 گ ب | 2.20 کلومیٹر | 19,63,000 /- |

کل تخمینہ لاگت 2,37,33,400 /-

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

## ساہیوال: پی پی 198 میں واٹر فلٹریشن پلانٹس سے متعلقہ تفصیلات

**251: جناب محمد ارشد ملک:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ میونسپل کمیٹی کمیر ضلع ساہیوال میں واٹر فلٹریشن پلانٹ نصب کیا گیا ہے؟

(ب) اگر ہاں تو کب نصب کیا گیا اور اسکی موجودہ حالت کیا ہے اور اس کے پانی کا معیار کیا ہے؟

(ج) یہ پلانٹ کس محکمہ کے زیر نگرانی تنصیب کیا گیا اور ان کی دیکھ بھال کے لئے کیا انتظامات اٹھائے جا رہے ہیں، مکمل تفصیلات سے آگاہ کریں؟

(د) پی پی 198 ساہیوال میں کتنے فلٹریشن پلانٹس نصب ہیں، ان کی حالت کیسی ہے؟

(ہ) کیا حکومت عوام الناس کے لئے پی پی 198 میں مزید فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کا ارادہ رکھتی ہے اگر ہاں تو کب تک، اگر نہیں تو وجوہات سے آگاہ کریں؟

(تاریخ وصولی 29 اکتوبر 2018 تاریخ ترسیل 15 نومبر 2018)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں میونسپل کمیٹی کمیر میں دو نئے آر-او واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کئے گئے ہیں۔

(ب) ایک ماہ پہلے نصب کیے گئے ہیں ان کی موجودہ حالت بالکل نئی ہے۔ یہ آر او پلانٹ ہیں اور ان کے پانی کا معیار بہترین ہے۔

(ج) یہ پلانٹس میونسپل کمیٹی کمیر کی زیر نگرانی تنصیب کیے گئے اور ان کی دیکھ بھال کے لیے میونسپل کمیٹی کمیر کے اہلکار تعینات ہیں جو کہ روزانہ کی بنیاد پر آر او پلانٹس کی صفائی کرتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ کسی بھی قسم کی شکایت یا مسئلہ کو فوری طور پر حل کیا جاتا ہے تاکہ عوام کو پانی کی فراہمی میں کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔

(د) PP-198 میں محکمہ بلدیات کے 3 فلٹریشن پلانٹس میونسپل کمیٹی کمیر کی حدود میں نصب ہیں۔ دو فلٹریشن پلانٹ نئے ہیں اور ایک پرانے فلٹریشن پلانٹ کی حالت اچھی ہے۔

(ہ) حکومت اس اہم عوامی مسئلہ کو حل کرنے کے لئے صاف پانی کی اتھارٹی کا قیام عمل میں لا رہی ہے جو پورے صوبے میں صاف پانی مہیا کرنے کی ذمہ دار ہو گی اسی پالیسی کے تحت حکومتی احکامات و اقدامات کی روشنی میں PP-198 میں بھی صاف پانی کی فراہمی کا انتظام کیا جائیگا۔

<u>(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)</u>

## لاہور: جی ٹی روڈ باغبانپورہ کے دونوں اطراف غیر قانونی پلازوں کی تعمیر اور مالکان کے خلاف کارروائی سے متعلقہ تفصیلات

**253: چودھری اختر علی:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) جی ٹی روڈ باغبانپورہ لاہور کے دونوں طرف پلازے اور ان کے مالکان کے ناموں کی تفصیل بیان فرمائیں؟

(ب) مذکورہ پلازوں کے نقشے حکومت کے قانون کے مطابق پاس کئے گئے ہیں یا نہیں، تفصیل بیان فرمائی جائے؟

(ج) کیا یہ درست ہے کہ ان میں سے زیادہ تر پلازوں کے نقشے پاس نہیں ہیں؟

(د) کیا حکومت ان پلازوں اور مالکان کے خلاف کارروائی کرنے کا ارادہ رکھتی ہے جنہوں نے ابھی تک نقشے پاس نہیں کروائے؟

(تاریخ وصولی 29 اکتوبر 2018 تاریخ ترسیل 15 نومبر 2018)

### جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ٹی روڈ باغبانپورہ، لاہور کے دونوں اطراف میں موجود پلازوں اور دیگر عمارات کی تفصیل ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے۔

(ب) مذکورہ پلازوں کے نقشہ جات قانون کے مطابق پاس / منظور کئے گئے ہیں۔

(ج) درست ہے کیونکہ بیشتر پلازے ٹاؤن / زون بننے سے پہلے کے تعمیر شدہ ہیں۔

(د) جب بھی کوئی غیر قانونی تعمیر ہوتی ہے تو اس کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے۔ تاہم تمام پرانی غیر قانونی عمارات کو نوٹس جاری کر دیئے گئے ہیں۔

(تاریخ وصولی جواب 7 مارچ 2019)

## ساہیوال: محکمہ لوکل گورنمنٹ میں تعینات ملازمین سے متعلقہ تفصیلات

**256: جناب محمد ارشد ملک:** کیاوزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) اس وقت میونسپل کارپوریشن ساہیوال، میونسپل کمیٹی چیچہ وطنی اور میونسپل کمیٹی کمیر ساہیوال میں بی ایس 14 کے کتنے ملازمین تعینات ہیں اور بالا سکیل کے آفیسرز / چیف آفیسرز کتنے مستقل اور کتنے کنٹریکٹ پر تعینات ہیں؟

(ب) کنٹریکٹ ملازمین کو کب، کس اتھارٹی نے کتنے عرصہ کے لئے بھرتی کیا۔ ان کا کنٹریکٹ کب ختم ہوا اور کنٹریکٹ ختم ہونے کے باوجود کتنے ملازمین تاحال اپنی پوسٹوں پر کام کر رہے ہیں، اس کی کیا وجوہات ہیں؟

(تاریخ وصولی 29 اکتوبر 2018 تاریخ ترسیل 15 نومبر 2018)

## جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف)(1)اس وقت میونسپل کارپوریشن، ساہیوال میں بی ایس 14 میں 8،بی ایس 15 میں 5،بی ایس 16 میں 8،بی ایس 17 میں 3،بی ایس 18 میں 1 اور بی ایس 19 میں 01 ملازم تعینات ہیں جو کہ سب کے سب مستقل ہیں۔

(2)اس وقت میونسپل کمیٹی، چیچہ وطنی میں بی ایس 14 میں 11،بی ایس 15 میں 1،بی ایس 16 میں 10 اور بی ایس 17 میں 03 ملازمین تعینات ہیں جو کہ سب کے سب مستقل ہیں۔

(3)اس وقت میونسپل کمیٹی، کمیر میں بی ایس 14 میں 1 اور بی ایس 16 میں 02 ملازمین تعینات ہیں جن میں چیف آفیسر، بی ایس 16 کنٹریکٹ پر ہے اور باقی سب مستقل ہیں۔

(ب)کنٹریکٹ پر ملازم کا جناب سیکریٹری صاحب پنجاب لوکل گورنمنٹ بورڈ نے بذریعہ آرڈر نمبر-No. LCS(Admn) REC-3(17)/2006-PII مورخہ 30-06-2019 تک کنٹریکٹ بڑھایا(کاپی ایوان کی میز پر رکھ دی گئی ہے)۔

میونسپل کارپوریشن، ساہیوال، میونسپل کمیٹی چیچہ وطنی اور میونسپل کمیٹی کمیر میں کوئی ایسا ملازم نہیں جس کا کنٹریکٹ ختم ہوا ہو اور وہ ابھی تک محکمہ میں کام کر رہا ہو۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

## لاہور: پی پی 154 شاہ گوہر پیر قبرستان کی چار دیواری بنانے سے متعلقہ تفصیلات

**274: محترمہ راحیلہ نعیم:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف)کیا یہ درست ہے کہ شاہ گوہر پیر قبرستان حلقہ پی پی 154 لاہور کی چار دیواری اور جنگلہ قبرستان میں مٹی زیادہ ہونے کی وجہ سے بہت نیچے چلا گیا ہے؟

(ب)اگر جواب اثبات میں ہے تو کیا حکومت مذکورہ قبرستان کی چار دیواری ازسر نو تعمیر کروانے کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، اگر نہیں تو وجہ بیان فرمائیں؟

(تاریخ وصولی 5 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 20 نومبر 2018)

**جواب موصول نہیں ہوا**

## جھنگ: پی پی 126 میں پارکس کی تعداد اور فنڈز سے متعلقہ تفصیلات

**298: جناب محمد معاویہ:** کیاوزیر وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) پی پی 126 جھنگ میں کتنے پارکس ہیں۔ ان میں فراہم کردہ سہولیات سے آگاہ کیا جائے پارکس کے جھولے اور کینٹین کے ٹھیکوں سے آگاہ کیا جائے؟

(ب) پی پی 126 (جھنگ) میں موجود پارکس کے لئے مالی سال 18-2017 میں مختص کردہ اور مالی سال 19-2018 کے مختص کردہ فنڈ سے آگاہ کیا جائے؟

(تاریخ وصولی 18 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 20 نومبر 2018)

### جواب

**وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ**

(الف) پی پی 126 جھنگ میں درج ذیل تین پارکس ہیں۔

1۔ جمیل شہید پارک 2۔ نواز شریف پارک 3۔ گوجرہ روڈ ریلوے پھاٹک پارک

جمیل شہید پارک اور نواز شریف پارک میں لائٹس، پانی اور بچوں کیلئے جھولے وغیرہ موجود ہیں جبکہ گوجرہ روڈ ریلوے پھاٹک پارک میں لائٹس اور پانی وغیرہ موجود ہے۔

جمیل شہید پارک میں کینٹین کا سالانہ ٹھیکہ مبلغ -/48,984 روپے ہے جبکہ نواز شریف پارک کی کینٹین کے ٹھیکے کیلئے اخبار اشتہار دیا ہوا ہے۔

جمیل شہید پارک کے جھولوں کا سالانہ ٹھیکہ مبلغ -/1,56,552 روپے ہے۔

(ب) مالی سال 18-2017 میں ان پارکس کا خرچہ درج ذیل ہے:-

1۔ جمیل شہید پارک۔ -/1,64,714 روپے

2۔ نواز شریف پارک۔ -/10,98,092 روپے

3۔ گوجرہ روڈ ریلوے پھاٹک پارک۔ -/91,508 روپے

بجٹ مالی سال 19-2018 میں ان پارکس کے لئے مختص شدہ رقم درج ذیل ہے:-

1۔ جمیل شہید پارک۔ -/3,40,541 روپے

2۔ نواز شریف پارک۔ -/22,70,270 روپے

3۔ گوجرہ روڈ ریلوے پھاٹک پارک۔ -/1,89,190 روپے

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

## اوکاڑہ: قبرستان کی چار دیواری بنانے سے متعلقہ تفصیلات

**311: سید حسن مرتضیٰ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل 76 روہیلہ تیجیکا ضلع اوکاڑہ میں تین، چار قبرستان واقع ہیں اگر ہاں تو ان کی تفصیل کیا ہے؟

(ب) کیا یہ بھی درست ہے کہ ان قبرستانوں کی چار دیواری نہیں بنائی گئی، اگر ہاں تو حکومت کب تک بتدریج ان قبرستانوں کے گرد چار دیواری بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 20 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 28 نومبر 2018)

## جواب

### وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں درست ہے۔ پانچ قبرستان موجود ہیں، جن کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ سات پیر۔

۲۔ جامن بندیکا۔

۳۔ حاماں لدیکا۔

۴۔ یوران۔

۵۔ ٹالی باگر

(ب) جی ہاں ڈیپارٹمنٹ آنے والے ادوار میں مختلف مراحل کے بعد ان قبرستانوں کی چار دیواری کی تعمیر نو کا ارادہ رکھتی ہے۔ اس سلسلہ میں حکومتِ پنجاب نے ایک پالیسی وضع کی ہوئی ہے۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے

تجویز کردہ قبرستان کی (Administrative Approval) متعلقہ ڈی سی سے درکار ہوتی ہے منظوری لینے کے بعد اضلاع اس کو محکمہ لوکل گورنمنٹ کو ارسال کرتا ہے۔ تاکہ محکمہ خزانہ سے فنڈ جاری کروانے کی کوشش کی جائے۔

جس پر پچھلے ادوار میں 35 اضلاع کے قبرستانوں کی چار دیواری کی تعمیر کی منظوری ہوئی تھی جن پر کام جاری ہے اور جیسے ہی متعلقہ ضلع سے اس کی تکنیکی منظوری (Administrative Approval) مل جاتی ہے تو محکمہ اس کے فنڈ جاری کرنے کے لئے محکمہ خزانہ کو تحریر کرتا ہے اور اس پر کام شروع ہو جاتا ہے۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

## اوکاڑہ: یونین کونسل نمبر 76 روہیلہ تیجیکا کی عمارت کی تعمیر نو سے متعلقہ تفصیلات

**312: سید حسن مرتضیٰ:** کیا وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ ازراہ نوازش بیان فرمائیں گے کہ:-

(الف) کیا یہ درست ہے کہ یونین کونسل نمبر 76 روہیلہ تیجیکا ضلع اوکاڑہ کی عمارت کافی عرصہ پہلے گر گئی تھی اور اس کی تعمیر نو نہیں کی گئی؟

(ب) کیا حکومت اس کی تعمیر نو کا ارادہ رکھتی ہے تو کب تک، اگر نہیں تو اس کی وجوہات کیا ہیں؟

(تاریخ وصولی 20 نومبر 2018 تاریخ ترسیل 28 نومبر 2018)

## جواب

## وزیر لوکل گورنمنٹ و کمیونٹی ڈویلپمنٹ

(الف) جی ہاں درست ہے۔

(ب) جی ہاں حکومت فنڈز کی دستیابی پر وضع کردہ پالیسی کے مطابق مختلف مراحل کے بعد اس یونین کونسل کی تعمیر نو کا ارادہ رکھتی ہے۔

اس سلسلہ میں مزید عرض ہے کہ پنجاب کی 1672 یونین کونسلیں ہیں جہاں یونین کونسل کے دفاتر نہ ہیں۔ جس پر پچھلے ادوار میں 44 یونین کونسلیں منظور ہوئی تھیں جن پر کام جاری ہے۔ اور یونین کونسل ہذا سلسلہ نمبر 845 ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت نے ایک پالیسی وضع کی ہوئی ہے۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

۱۔ تجویز کردہ یونین کونسل کا رقبہ یونین کونسل یا محکمہ لوکل گورنمنٹ کے نام ٹرانسفر ہو۔

۲۔ تجویز کردہ یونین کونسل کا رقبہ کم از کم ایک کنال اور زیادہ سے زیادہ چار کنال ہو۔

۳۔ تجویز کردہ یونین کونسل عام عوام کی پہنچ میں ہو۔

۴۔ تجویز کردہ یونین کونسل اس جگہ نہ ہو جہاں آبادی کم ہو۔

(تاریخ وصولی جواب 25 فروری 2019)

لاہور | محمد خان بھٹی

7 مارچ 2019 | سیکرٹری